میڈیا آفس
حزب التحریر
ملائیشیا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

﴿وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُم فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا ۚ يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا ۚ وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ﴾

حزب التحریر
Hizb ut Tahrir

جمعہ، 06جمادی الاول، 1438ھ | 03/02/2017 | نمبر: HTM/PR/03/1438

جے اے آئی ایس نے ہتک عزت سے مساجد کے منبروں کو داغدار کر دیا

حزب التحریر کی ویب سائٹس کو بند کرنے کی اپنی کوششوں کے فوراً بعد سیلیگور کے اسلامی مذہبی محکمہ (جے اے آئی ایس) نے آج پھر اپنے اختیارات کا استعمال کیا اور حزب التحریر کی ساکھ کو خراب کرنے کی مزید کوشش کی۔ اس مرتبہ، جے اے آئی ایس نے حزب التحریر پر ایک بھٹکے ہوئے گمراہ گروہ کا الزام لگانے کے لیے سیلیگور میں مساجد کے منبر کو استعمال کر کے انہیں داغدار کیا۔ جمعہ کا خطبہ جس کا عنوان تھا" گمراہی کے سمندر میں ڈوبا ہوا" جس کو جے اے آئی ایس نے تیار کیا، کو سیلیگور کی تمام مساجد میں آج خطیبوں نے پڑھا۔ خطبے میں حزب التحریر کو بھٹکے ہوئے گروہوں میں سے ایک دکھایا گیا، جیسا کہ شیعہ، قادیانی، ملہ ابراہیم اور چند مزید۔

یہ خطبہ، جو حزب التحریر کو ایک بھٹکی ہوئی تحریک کے طور پر دیکھتا ہے، اس وقت تیار کیا گیا جبکہ ایک عدالتی نظر ثانی کیس شاہ عالم کی شریعہ کورٹ میں ابھی چل رہا ہے۔ یہاں حزب التحریر نے عدالت سے رجوع کیا ہے کہ سیلیگور کے مفتی کو اور سیلیگور (جے ایف ایس) کی فتویٰ کمیٹی کو انحراف کا فتوٰی واپس لینے کا کہا جائے جو کہ حزب التحریر کے خلاف جاری کیا گیا۔ مفتی اور جے ایف ایس کے علاوہ، حزب التحریر نے سیلیگور اسلامی مذہبی کونسل (ایم اے آئی ایس) اور سیلیگور اسلامی مذہبی ادارہ (جے اے آئی ایس) کو بھی کیس میں مدعی علیہ قرار دیا۔ جے اے آئی ایس کی جانب سے آج خطبے کے اجراء کے بعد مذکورہ مذہبی ادارے نے نہ صرف شرعی عدالت کی ہتک کی ہے جو کہ اس مقدمے کی سماعت کر رہی ہے بلکہ جے اے آئی ایس نے سیلگور کی مساجد کے منبروں سے الزام تراشی کروا کر بہتان تراشی کے بیج بوئے ہیں۔ حزب التحریر پہلے ہی اس فتوٰی کا ایک باقاعدہ جواب دے چکی ہے، اور ابھی تک سیلیگور مذہبی حکام کی طرف سے اس کا کوئی جواب نہیں آیا بلکہ انہوں نے الزام تراشی کے سلسلے کو جاری رکھا ہے جو کہ اسلام میں حرام ہے۔

اے سیلیگور کے مذہبی حکام! اپنے ہاتھ میں موجود اس طاقت کو جھوٹ اور بدنامی کے لیے اس وقت تک استعمال کرو جب تک اس زمین پر موجود ہر دروازے تک نہ پہنچ جائے! تم اسی کی خواہش رکھتے ہو، اس لیے اس کو جاری رکھو اور ہم تمہارے معاملے کو اللہ سبحانہ وتعالیٰ پر چھوڑتے ہیں! حزب التحریر پہلے بھی آپ کو یاد کرواتی رہی ہے اور اب بھی یاددہانی جاری رکھے گی۔ اللہ ہماری نصیحت کی وجہ سے آپ کے دلوں میں نرمی پیدا کر دے، اس سے پہلے کہ آپ لوٹ کر اس کے پاس جائیں کہ اس کے بعد تو پچھتاوا کسی کام نہیں آتا۔ وہ جو سن لیتے ہیں خوش قسمت ہیں اور وہ جن کے دل پتھروں کی طرح سخت ہیں ختم ہو جائیں گے!

اے عزیز خطیبو، کوئی خطبہ دینے سے پہلے، جو آپ نمازیوں کو سنائیں، اس کے مواد کی سچائی کو جان لیں تا کہ اس مبارک ادارے کو عزت خراب کرنے کے لیے استعمال نہ کیا جائے جو اللہ کے غضب کو دعوت دے۔ اگر آپ حزب التحریر کے متعلق علم نہیں رکھتے تو اللہ آپ کو آپ کی لاعلمی میں پھیلائی گئی بات پر معاف کر دے۔ البتہ اگر آپ حق جانتے ہیں کہ حزب التحریر ایک بھٹکی ہوئی جماعت نہیں ہے جیسا کہ جے اے آئی ایس نے اس کو بدنام کرنے کی کوشش کی، تو پھر ہمت پیدا کر کے سچ بولیں چاہے اس سچ کی آپ کو کوئی قیمت ہی کیوں نہ ادا کرنی پڑے۔ جیسا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ، **قُلِ الْحَقَّ وَإِنْ كَانَ مُرًّا** "سچ بولو چاہے یہ تلخ ہی ہو" (البیہقی)۔ آپ وہ علماء ہیں جنہیں صرف اللہ کا خوف ہونا چاہیے، اور صرف اللہ کی رضا کے لیے خطبہ دینا چاہیے، نہ تو لوگوں کی خوشی کے لیے اور نہ ہی ان کے خوف سے ڈر کر۔ حزب التحریر کے بارے میں سچ بولیں اگر آپ سچ جانتے ہیں، اور اگر آپ حزب التحریر کے متعلق نہیں جانتے تو اس کے متعلق پڑھیں۔ یقیناً جو ہتک کر رہے ہیں واضح ہے اور جن کی ہتک ہو رہی ہے وہ بھی واضح ہے، ایسا واضح جیسا کہ دوپہر کا سورج۔

عبد الحکیم عثمان
ملائیشیا میں حزب التحریر کے ترجمان

Khilafah Center, 47-1, Jalan 7/7A, Seksyen 7, 43650 Bandar Baru Bangi, Selangor.
ویب سائٹ:hizbut-tahrir.org.my, ٹیلی فون:03-8920 1614, فیکس:03-8920 1614
ای میل: info@hizbut-tahrir.org.my, فیس بک:Hizbut Tahrir Malaysia

ٹیلیفون و فیکس نمبر:03-89201614,
حزب التحریر آفیشل ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.org
حزب التحریر میڈیا آفس ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.info